سبق:۱۱

# اڈیشا کے عظیم مجاہدِ آزادی۔ڈاکٹر سید اکرام رسول

صوبہ اڈیشا کے ضلع کٹک میں ایک قصبہ ہے جو سونگڑہ کے نام سے مشہور ہے۔ یہ وہ قصبہ ہے جہاں ہزاروں نامور ہستیاں پیدا ہوئیں۔جنھوں نے ملک وملت کے لیے اہم خدمات انجام دے کر تاریخ میں اپنا نام درج کرایا۔اسی سرزمین کے ایک ہونہار فرزند ڈاکٹر سید اکرام رسول ۱۷رجون ۱۸۶۳ء کو سونگڑہ کے محلّہ دریا پور میں پیدا ہوئے آپ کے والد کا نام سید عطاءاللہ اور والدہ کا نام نسرین بی بی تھا۔ڈاکٹر اکرام رسول نے ابتدائی تعلیم گھر پر حاصل کی اس کے بعد کٹک سے ایم۔ای کی تعلیم حاصل کی اور پھر ایل۔ایم۔ایس کی ڈگری حاصل کی۔ڈاکٹر صاحب ایک اچھے سرجن اور معالج تھے۔آپ کی طبیعت میں نرمی تھی اور غریب لوگوں سے ہمدردی اور ان کے دکھ درد کو محسوس کرنے کا جذبہ بھی موجود تھا۔غریب اور لاچار لوگوں کے علاج کے سلسلے میں آپ کی خدمات ہمیشہ یادرکھی جائیں گی۔

ڈاکٹر سید اکرام رسول ایک عظیم انسان تھے۔ایک ڈاکٹر کی حیثیت سے آپ کی شہرت دور دور تک تھی اسی طرح آپ اڈیشا میں جنگِ آزادی کے ایک مردِ مجاہد بھی تھے۔آپ نے گاندھی جی،مولانا آزاد،مولانا حسین احمد مدنی اور گوپ بندھوداس کے نقشِ قدم پر چلتے ہوئے آزادی کی لڑائی میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا اور انگریزوں کے ہاتھوں کئی بار گرفتار ہو کر جیل کی تکلیفیں برداشت کیں۔ہزاری باغ جیل میں انگریزوں نے آپ پر ظلم وستم کے پہاڑ توڑے مگر آپ اپنے ارادے میں اٹل رہے۔آپ ایک سچے گاندھی وادسپاہی تھے۔ڈاکٹر سید اکرام رسول مسلمانوں میں تعلیم کو عام کرنا چاہتے تھے۔اس لیے آپ نے سونگڑہ میں ایک مدرسہ کی بنیاد رکھی اور رائی سونگڑہ میں ایک ہائی اسکول اور ایک اسپتال بھی قائم کیا۔ڈاکٹر صاحب کا قائم کردہ اسکول جو پہلے مڈکاف اسکول کے نام سے جانا جاتا تھا۔۱۹۵۰ء میں اڈیشا کے وزیرِ اعلیٰ ہرے کرشن مہتاب نے ایک بڑے جلسے میں ڈاکٹر اکرام رسول کے کارناموں کی کھلے دل سے تعریف کی اور اس اسکول کا نام ''اکرام رسول ہائی اسکول'' رکھا آج اس اسکول اور اسپتال سے اس علاقے کے ہزاروں طلباء وطالبات اور عوام فیض حاصل کررہے ہیں۔

ڈاکٹر سید اکرام رسول نے ۱۹۲۰ء میں گاندھی جی کی دعوت پر انڈین نیشنل کانگریس (ناگپور) کے پہلے اجلاس میں پنڈت گوپ بندھوداس کے ساتھ شرکت کی۔اسی طرح آپ ''اڈیشا پردیس کانگریس کمیٹی'' کے پہلے نائب صدر بنائے گئے۔

سرزمینِ سونگڑہ کے اس عظیم انسان نے اپنی پوری زندگی اپنے پیارے وطن کی ترقی اور سماجی خدمات کے لیے وقف کردی۔ڈاکٹر سید اکرام رسول کی وفات ۱۳راپریل ۱۹۴۳ء کو ہوئی۔

★★★

الفاظ اور معانی

| معنی | لفظ | معنی | لفظ |
|---|---|---|---|
| مشہور | نامور | نیک نامی۔مشہور ہونا | شہرت |
| پھیلا ہوا | عام | تسلیم کرنا۔مان لینا | اعتراف |
| چیف منسٹر | وزیرِ اعلیٰ | ماتحت۔قائم مقام | نائب |

## مشق

(ا) سوچیے اور بتائیے

(الف) سونگڑہ، اڈیشا کے کس ضلع میں ہے؟

(ب) ڈاکٹر سید اکرام رسول کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

(ج) آپ کے والد اور والدہ کا نام کیا تھا؟

(د) آپ نے کس کے خلاف جنگِ آزادی میں حصہ لیا؟

(ہ) انگریزوں نے آپ کو کس جیل میں قید کیا تھا؟

(و) ڈاکٹر اکرام رسول کی وفات کب ہوئی؟

۲۔قوسین میں سے صحیح لفظ چن کر خالی جگہوں کو پر کیجیے:۔

(مٹکاف اسکول۔عظیم۔ڈاکٹر ہرے کرشن مہتاب۔شہرت۔تعلیم)

ڈاکٹر سید اکرام رسول ایک .............انسان تھے۔ایک ڈاکٹر کی حیثیت سے آپ کی ............دور دور تک تھی۔ڈاکٹر اکرام رسول مسلمانوں میں ......................کو عام کرنا چاہتے تھے۔..........نے ایک بڑے جلسے میں ڈاکٹر صاحب کے کارناموں کی تعریف کی۔اکرام رسول ہائی اسکول کا پہلا نام ................تھا۔

★★★